# BLUE PRINT

## FOR THE MODEL QUESTION PAPER - 2, 2024-25

SUBJECT: URDU (08) CLASS: PUC-II

| Question type | Number of questions | Marks |
|---|---|---|
| MCQ ( 1.MARKS) | 26 | 26 |
| SA ( 2.MARKS) | 25 | 50 |
| LA ( 4.MARKS) | 11 | 44 |
| | | |
| Total | 62 | 120 |

| Chapter/ Content domain/ Unit/ Theme | No. of periods | Marks | Remember | | | Understand | | | Apply | | | HOTS | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS | MCQ | SA | LA | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS |
| ٹیپو کی مذہبی رواداری | 05 | 5 | 1 | | | | | 1 | | | | | | |
| بوڑھی کاکی | 05 | 5 | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| وقت | 04 | 4 | | | | | | 1 | | | | | | |
| منٹو | 05 | 5 | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| سماجی میڈیا | 03 | 3 | | | | | 1 | | | | | 1 | | |
| زیور کا چکر | 03 | 3 | 1 | 1 | | | | | | | | | | |

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | **05** | **5** | | | | | | | | | | 1 | | 1 |
| کرسی | **05** | **5** | 1 | | | | | 1 | | | | | | |
| ادب کیا ہے | **03** | **3** | | | | | 1 | | | | | 1 | | |
| خدا حافظ | **05** | **5** | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| مکتوبات | **03** | **3** | 1 | | | | 1 | | | | | | | |
| سورۂ فاتحہ | **02** | **2** | | | | | | | | 1 | | | | |
| اے خدا | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| عورت | **02** | **2** | | | | | | | | 1 | | | | |
| مثنوی گلزارِ نسیم | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| نوجوان سے | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| اے شریف انسانو | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| امن نامہ | **04** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| ترانۂ کرناٹک | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| مرثیہ | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| کیا دن تھے | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| جمالِ ہم نشیں | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| غزلیات | **10** | **10** | | | | | 5 | | | | | | | |
| قطعات: عدم، شاد، عزیز بیلگامی | **08** | **8** | | | | | | | | | | | | 2 |
| محاورات (جملوں میں استعمال) | **06** | **6** | | | | | | | | | | 6 | | |

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضرب الامثال | **05** | **5** | | | | 5 | | | | | | | | |
| کہاوتیں | **05** | **5** | | | | 5 | | | | | | | | |
| بلاغت | **02** | **4** | | 2 | | | | | | | | | | |
| مکتوب نگاری | 04 | **4** | | | | | | | | | | | | 1 |
| ترجمہ | 04 | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| TOTAL= | **120** | **120** | **07** | **12** | | **10** | **34** | **28** | | **4** | | **9** | | **16** |

# Govt. of Karnataka
## Karnataka School Examination and Assessment Board
## Model Question Paper - 2

Class: II Year PUC — Academic Year: 2024-25
Subject: URDU(08) — Maximum Marks: 80
Time: 3:00 Hours — No. of Questions: 49

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف"
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہو گی۔

## حصہ - "الف"

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. سارے گھر میں لاڈلی کو کس سے محبت تھی

A. روپا
B. بدھ رام
C. سکھ رام
D. کاکی

2. منٹو کا محبوب افسانہ نگار تھا

A. جیمس جوائس
B. چارلس ڈکنس
C. سومرسٹ ماہم
D. تھامس ہارڈی

3. سماجی میڈیا کا کس طرح کا استعمال اقتصادی نقطۂ نظر سے اہمیت رکھتا ہے؟

A. معلومات کے تبادلے کے لیے
B. اظہارِ رائے کی آزادی کے لیے
C. کاروباری مواقع بڑھانے کے لیے
D. تفریح کے لیے

4. فاروقی صاحب کے خیال میں اردو زبان کے رسم الخط کی تبدیلی کا اثر

A. اردو زبان کی ترقی میں مددگار ہو گا
B. اردو زبان کی شناخت کو مضبوط کرے گا
C. اردو زبان کے لیے سمِ قاتل ہو گا
D. اردو زبان کی مقبولیت کو بڑھا دے گا

5. ڈاکٹر اطہر پرویز کے مطابق ادب کی فنی حیثیت

A. ادب نثر اور نظم کی تفریق سے متعلق ہے
B. ادب میں زبان کی زیبائش اور اس کے اظہار کی خصوصیات شامل ہیں
C. ادب صرف پرانی کہانیوں اور افسانوں تک محدود ہے
D. ادب کا تعلق صرف مادی چیزوں کے اظہار سے ہے

**(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(گھی، ہنس، دریا، مرغی، چور، ٹانگ)

6. کوا چلا__________ کی چال۔
7. نیکی کر__________ میں ڈال۔
8. __________ کی داڑھی میں تنکا۔
9. مرغ کی ایک__________
10. سیدھی انگلی سے__________ نہیں نکلتا۔

**(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔** 5X1=5

| الف | | ب | |
|---|---|---|---|
| 11. | تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی | i. | جو دوسرون کے ساتھ ہوتا ہے، کل وہی ہمارے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ |
| 12. | سانچ کو آنچ نہیں | ii. | لمبی عمر کی دعا دینا |
| 13. | تم سلامت رہو ہزار برس | iii. | کسی مسئلے یا تنازعے میں دونوں طرف کی شمولیت ہوتی ہے |
| 14. | نیکی اور پوچھ پوچھ | iv. | سچائی کو کبھی نقصان نہیں پہنچتا |
| 15. | آج وہ کل ہماری باری ہے | v. | نیک کام کرنے کے لیے اجازت کی کیا ضرورت ہے |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. سرنگیری کے سوامی سے ٹیپو نے کیا درخواست کی تھی؟
17. ہمارے ملک کے شوہروں کو کس بات کا بڑا شوق ہوتا ہے؟
18. کس کے صدقے کوئی حاکم تو کوئی محکوم بنتا ہے؟
19. میر صاحب سفر کرنے پر کیوں مجبور تھے؟
20. غالب دربار جاتے تو کیا پاتے؟

## حصہ۔ ”ب“

**II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **4X2=8**

21. بوڑھی کاکی کب رونے لگتی تھی؟
22. ستیار تھی کا افسانہ سن کر منٹو نے کیا کہا؟
23. فیس بک کیا ہے اور اسے کس نے اور کیوں بنایا تھا؟
24. اچھے ادیب کا کام کیا ہوتا ہے؟
25. سفر کے تعلق سے میر صاحب کی خاندانی وضع کیا تھی؟
26. جامعہ ملیہ قائم کرنے والے حضرات کو اقبال نے کیا مشورہ دیا ہے؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **4X2=8**

27. رسول عربیؐ کے غزوات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟
28. شاعر نے کس کو دنیا کی امانت سے تعبیر کیا ہے؟
29. شاعر نے کس سے بادہ پلانے کی فرمائش کی اور کیوں؟
30. صبح کے نمودار ہوتے ہی کیا ہوا؟
31. دادی ماں مصری کب اور کیسے دیتی تھیں؟
32. علم کے تعلق سے ڈی وی گنڈپا کا کیا خیال ہے؟

**(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **1X2=2**

33. ”ان کا راستہ نہیں جن پر غضب کی ہے نگاہ“ کے مطابق آپ نے برائی سے بچنے کے کیا اقدامات کئے ہیں۔
34. ”اگر عورت نہ ہوتی ہر مکاں اک غم کدہ ہوتا“ کے مطابق آپ کی زندگی میں کسی عورت کی موجودگی نے کس طرح مثبت اثر ڈالا۔

**III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** **2X4=8**

35. ٹیپو نے اپنے والد حیدر علی کی ہندوؤں کو ذمہ دار عہدوں پر مامور رکھنے کی پالیسی کو کس طرح جاری رکھا؟
36. وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگ انسان سے کیا چاہتی ہے؟
37. کرسیٔ صدارت اور کرسیٔ وزارت کے تعلق سے کیا کہا گیا ہے؟
38. فاروقی صاحب کے خیال میں اردو زبان کی حوصلہ افزائی کے لیے آپ کیا اقدام کریں گے، مثالوں سے واضح کیجیے۔

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔"

40. "معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی۔"

41. "میرا کان کاٹ لیا اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو۔"

42. "یہی کہ بلی راستہ کاٹ گئی اور ملازم کو چھینک آگئی۔"

## حصہ - "ج"

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو تمھیں کیا — نہیں رحم آتا مری چشمِ تر پر

ii. مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا — پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا

iii. تصنع سے نہیں خالی ضیائے حسنِ قدرت بھی — کہ شبنم رات بھر گلشن میں منھ پھولوں کا دھوتی ہے

iv. جسے صورت بتاتے ہیں پتا دیتی ہے سیرت کا — عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

v. روشنی، پھول، سمندر، ظلمت — ہم ترے نام گنا دیتے ہیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i.
پھر بھی دنیا سے امیدِ وفا ہے — تجھے اے زندگی! کیا ہوگیا ہے
بڑی ظالم نہایت بے وفا ہے — یہ دنیا پھر بھی کتنی خوش نما ہے

ii.
اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے — نہ ہم سفر ہی، نہ رختِ سفر، نہ رہبر ہے
نظر سے کس لیے او جھل ہے آخرت کا سفر — یہی سفر تو، ہر اک شخص کا مقدر ہے

## حصہ "د"

V. 46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. سبز باغ دکھانا ii. آپے سے باہر ہونا iii. کان کھانا

iv. دھاک بٹھانا v. سر کے بال سفید ہونا vi. ناک کٹ جانا

47. **ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔** 1X2=2

i. صنعتِ تشبیہ ii. صنعتِ تجنیس

48. **آدھار کارڈ اپ ڈیٹ کرنے کے لیے اپنے پرنسپال سے ٹرانسفر سرٹیفیکیٹ فراہم کرنے کے لیے درخواست دیجیے۔** 4

49. **ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔** 4

i. اردو ہماری مادری زبان ہے۔

ii. کتاب ہماری بہترین ساتھی ہے۔

iii. بیجاپور ایک تاریخی شہر ہے۔

iv. 26 جنوری کو ہم یوم جمہوریہ مناتے ہیں۔